شوال کا چاند نظر آگیا/ کل عید سعید فطر منائی جائے گی - 24 /May/ 2020

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر نے ایک بیان میں اعلان کیا ہے کہ کل 4 خرداد مطابق 24 مئی شوال المکرم کی پہلی تاریخ اور عید سعید فطر ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے دفتر کا بیانیہ حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رمضان المبارک میں ایرانی قوم کی عبادات اور طاعات کے قبول ہونے کی دعا اور آرزو کے ساتھ عوام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ متعدد ماہرین اور قابل اعتماد اور با وثوق افراد کی رپورٹس کے مطابق 3 خرداد 1399 مطابق 23 مئی 2020 ء برابر 29 رمضان المبارک 1441 ہجری قمری میں شوال المکرم کا چاند غروب کے وقت نظر آگیا ہے اور رہبر معظم انقلاب اسلامی کے لئے پہلی شوال کا چاند ثابت ہوگیا ہے لہذا کل بروز اتوار مطابق 24 مئي کو پہلی شوال اور عید سعید فطر ہے۔

دفتر رہبر معظم انقلاب اسلامی